© rasailojaraid.com



عبدالرزاق ایم۔ پی۔ اے اور تمام کارکنوں کو کانفرنس کی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں جن کی کوششوں سے یہ مثالی کانفرنس کامیاب ہوئی۔ اللہ تعالیٰ سب کی مساعی کو قبول فرمائے ( آمین )۔

## ممتاز عالم دین قاضی محمد اسلم سیف فیروز پوری کا سانحہ ارتحال

تمام دینی اور جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت دکھ اور افسوس کے ساتھ سنی گئی کہ ممتاز عالم دین، معروف صحافی اور مصنف جناب قاضی محمد اسلم سیف فیروز پوری مورخہ ۱۵۔ اکتوبر بروز منگل طویل علالت کے بعد اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون

آپ ایک کہنہ مشق صحافی، اور بیباک لکھاری تھے۔ اپنی پوری زندگی تبلیغ اسلام اور اسلامی تعلیمات کے فروغ کے لئے وقف کی ہوئی تھی۔ آپ کا شمار ان اکابر علماء اور فضلاء میں ہوتا ہے جو سب سے پہلے جامعہ سلفیہ سے فارغ التحصیل ہوئے اور تدریس کا میدان اپنے لئے منتخب کیا۔ اور آخری لمحات تک اسی سے وابستہ رہے۔

آپ نے جن بزرگوں کی صحبتوں سے فیض حاصل کیا ان میں سرفہرست حضرت صوفی محمد عبداللہ ؒ تھے۔ انہی کی بدولت آپ جامعہ تعلیم الاسلام ماموکانجن سے وابستہ ہوئے۔ جامعہ کی تعمیر و ترقی میں آپ کا کردار ناقابل فراموش ہے۔ جامعہ سے ملحقہ عظیم الشان مسجد کی تعمیر کا سہرا آپ کے سر ہے۔ جس کے لئے آپ نے اندرون اور بیرون ملک سے تعاون حاصل کیا۔ یہ مثالی جامع مسجد تعمیر کے آخری مراحل میں ہے جو مرحوم کے لئے صدقہ جاریہ ہے۔ جامعہ کے لئے آپ سالانہ لاکھوں روپیہ جمع کرتے اور کوئی معاوضہ وصول نہ کرتے۔ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے ساتھ آپ کی گہری وابستگی تھی۔ مرکزی کابینہ میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

میں شامل تھے اور جمعیت کی دینی سیاسی اور ملی جدوجہد میں آپ شانہ بشانہ شامل رہے۔ آپ کی رحلت سے تمام دینی حلقے بالعموم اور جامعہ تعلیم الاسلام بالخصوص بہت متاثر ہوئے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان اداروں کی حفاظت فرمائے اور مرحوم قاضی محمد اسلم کی تمام کوششوں کو قبول فرمائے اور انہیں اجر عظیم سے نوازے۔ ہم مرحوم کے پسماندگان خاص کر مولانا حافظ احمد اللہ وفقہ اللہ اور مولانا حافظ عبدالعزیز حافظہ اللہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں اور دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔ (آمین)

جامعہ سلفیہ کے اساتذہ اور طلباء بالعموم رئیس الجامعہ میاں نعیم الرحمن بالخصوص لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اور اظہار تعزیت کرتے ہیں اور دعاگو ہیں۔


## اہل حدیث کے امتیازی مسائل کے متعلق چھ اشتہارات کا سیٹ مفت طلب فرمائیں

مکمل سیٹ فریم کروا کے آویزاں کرنے کا وعدہ کرنے والے حضرات مبلغ پانچ روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مفت طلب فرمائیں۔

1۔ اہمیت نماز 2۔ سورۃ الفاتحہ خلف الامام 3۔ آمین بالجہر 4۔ اثبات رفع الیدین 5۔ نماز میں پاؤں سے پاؤں ملانے اور سینے پر ہاتھ باندھنے کا ثبوت 6۔ کیا اللہ کے سوا کوئی اور مشکل حل کرنے پر قادر ہے

ایک سوال کی دس شکلیں

محمد یسین راہی مدیر ادارہ تبلیغ الاسلام جام پور۔ ضلع راجن پور


© rasailojaraid:com